# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

## پریس ریلیز 54/17

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) سالانہ 2018ء ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم/فیس کی وصولی بارے شیڈول درج ذیل ہوگا۔ امتحان میں شرکت کرنے والے سیکنڈری سکول (نہم و دہم) کے امیدواران شیڈول کے مطابق اپنے داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com پر آن لائن بھجوائیں گے اور اس کی ہارڈ کاپی بھی بھیجنا ہو گی۔ داخلہ فارم ایک پرت پر مشتمل ہوگا۔ آن لائن کرنے کے بعد امیدوار اس کی ہارڈ کاپی حاصل کرے گا اور اس کی تصدیق کرانے کے بعد حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچ میں فیس جمع کرائے گا۔ بنک اس فارم سے فیس جمع کرانے کی ایک رسید امیدوار کو دے گا اور داخلہ فارم اپنے پاس رکھے گا۔ فیس جمع کرانے کی رسید ہی داخلہ فارم کی وصولی کی رسید تصور ہوگی۔

### امتحان سیکنڈری سکول سالانہ 2018ء کا انعقاد مورخہ یکم مارچ 2018ء سے ہو گا

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 13 نومبر 2017ء تا 15 دسمبر 2017ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 16 دسمبر 2017ء تا 22 دسمبر 2017ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 23 دسمبر 2017ء تا 29 دسمبر 2017ء |

### شرح فیس

| گروپ | فیس نہم (پارٹ I) | فیس دہم (پارٹ II) | کمپوزٹ داخلہ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | =/600 روپے | =/600 روپے | =/1200 روپے |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | =/700 روپے | =/700 روپے | =/1300 روپے |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ | =/650 روپے | =/650 روپے | =/1200 روپے |
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | =/550 روپے مذکورہ فیس جماعت دہم کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ | | |
| رجسٹریشن فیس | =/1000 روپے مذکورہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ | | |
| پروسیسنگ فیس نہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | =/195 روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس/داخلہ فارم قیمت نہم پرائیویٹ امیدواران | =/295 روپے فی طالب علم | | |
| پروسیسنگ فیس/داخلہ فارم قیمت دہم گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے/پرائیویٹ امیدواران | =/295 روپے فی طالب علم | | |

**نوٹ:۔**

**(1)۔ امتحان سیکنڈری سکول (نہم/دہم) سالانہ 2018ء کے لیے امیدواران کا تمام Data بورڈ آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ ادارہ جات اپنے داخلہ فارم پرنٹ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقررہ کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔**

جاری ہے۔۔۔

(2) حکومت پنجاب نے پبلک سیکٹر کے ریگولر امیدوران کو رجسٹریشن اور امتحانی فیس سے مستثنیٰ قرار دیا ہے۔ تاہم

(I) اگر کسی امیدوار کا داخلہ، فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ فیس شیڈول کے تحت وصول کی جائے گی۔

(II) ریگولر امیدوران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس مبلغ =/195 روپے جبکہ پرائیویٹ امیدواران نہم کے امتحان کے لیے پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے کے ساتھ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(III) ریگولر امیدواران جو نہم کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ جماعت نہم میں Re-Admit ہوں وہ داخلہ فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ =/195 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت =/295 جمع کروائیں گے۔

(3) پبلک سیکٹر کے ایسے ریگولر امیدوران جنہوں نے جماعت نہم 2017ء میں 33% سے کم نمبر حاصل کیے اور جماعت دہم کے ساتھ جماعت نہم کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس نہم بھی جمع کروانی ہوگی البتہ پرائیویٹ سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس کے علاوہ دونوں پارٹس (نہم / دہم) کی داخلہ فیس بھی جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(4) ریگولر امیدواران جو کلاس دہم کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے جمع کروائیں گے۔ علاوہ ازیں پبلک سیکٹر کے الحاق شدہ ادارے اور پرائیویٹ امیدواران پروسیسنگ فیس / داخلہ فارم قیمت مبلغ =/295 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ =/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس بھی جمع کروائیں گے۔

(5) ایسے Re-Appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل والا مضمون پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹیگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

(6) امتحان میں دوبارہ شامل ہونے والے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران اپنا سابقہ رولنمبر بمعہ سال دے کر بورڈ ہذا کی ویب سائٹ سے اپنا داخلہ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

(7) داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچ میں وصول ہونا لازمی ہے۔

(8) جمع شدہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔

(9) امتحانی داخلہ فیس حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچوں میں جمع کروائیں۔

(10) کوئی بھی ادارہ / امیدوار (Double) داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہ ہوگا۔

(11) سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط و نشان انگوٹھا وغیرہ ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ جات کے خلاف قواعد کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(12) ڈبل داخلہ فارم بھیجنے / بھجوانے والے کے خلاف کارروائی بورڈ کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 26-10-2017 کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔

(13) درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(14) داخلہ فارم ہر لحاظ سے مکمل پر کرنے کے بعد حبیب بنک کی نامزد برانچوں میں جمع کرائیں بنک سے وصول کردہ چالان فارم ہی فیس و داخلہ فارم کی رسید ہوگی۔

(15) پرائیویٹ امیدواران آن لائن داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.com سے حاصل کریں۔

۔دستخط شد۔

**(ناصر محمود اعوان)**

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:

1. جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، پاکستان
2. گوجرانوالہ بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز / سیکنڈری سکولز کے سربراہان
3. جناب اسٹیشن کمانڈر، گوجرانوالہ کینٹ
4. جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
5. جناب منیجر، حبیب بینک لمیٹڈ، بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں
6. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
7. داخلی تقسیم

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ: 03-11-2017